UD - 03

December - Examination 2015

B.A. II Year Examination

Afsanvi Nasr Aur Tarjuma

Paper - UD - 03

Time : 3 Hours] **[Max. Marks :- 100**

ہدایت :- اس پرچہ کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصّہ الف، ب
اور ج - ہر حصّہ کے سامنے نمبر تحریر کیئے گئے ہیں -

(حصّہ الف)

نوٹ:- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ ۳۰ الفاظ میں
تحریر کیجیئے۔ ہر سوال کے لیئے ۲ نمبر مقرر ہیں - 10×2=20

سوال نمبر i) "سب رس" کے مصنف کا نام لکھیئے ۔

ii) "فسانۂ عجائب" کس نے اور کب لکھی ؟ -

iii) "توبۃ النصوح" کے مصنف کا نام لکھیئے ؟

iv) پریم چند کا اصل نام کیا تھا ۔ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

v) پریم چند کے کسی مشہور افسانے کا نام لکھیئے ؟

vi) عصمت چغتائی کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

vii) "شریف زادہ" کس نے اور کب لکھا؟

viii) "آزمائش" کیا ہے۔ کس نے اور کب لکھا؟

ix) "آگرہ بازار" کے مصنف کون ہیں؟

x) "انما حشر کاشمیری کا اصل نام کیا ہے۔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(حصّہ ب)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ ۲۰۰ الفاظ میں تحریر کیجیئے۔ دیئے گئے ۸ سوالات میں سے طلبہ کو ۴ سوالات کرنے ہیں۔ ہر سوال کے لیئے ۱۵ نمبر مقرر ہیں۔ 4x15= 40

2- داستان کسے کہتے ہیں؟ اسکی صنفی خصوصیات تحریر کیجیئے۔

3- مرزا ہادی رسوا کی نثری خدمات تحریر کیجیئے۔

4- اردو ناول کے فن پر اظہار خیال کیجیئے۔

5- ڈرامے کی تعریف اور تاریخ بیان کیجیئے۔

6- انما حشر کاشمیری کی ادبی خدمات تحریر کیجیئے۔

7- اردو افسانہ کی تعریف لکھیئے اور ناول اور افسانہ کا فرق تحریر کیجیئے۔

8- 'چوتھی کا جوڑا' افسانے کا خلاصہ تحریر کیجیئے۔

۹ - مندرجہ ذیل اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیئے -

(i) پوس کی اندھیری رات - آسمان پر تارے بھی ٹھٹھرے ہوئے معلوم ہوتے تھے - ہلکو اپنے کھیت کے کنارے روکھ کی پتیوں کو ایک چھتری کے نیچے بانس کے کھٹولے پر اپنی پرانی گاڑھے کی چادر اوڑھے ہوئے کانپ رہا تھا - کھٹولے کے نیچے اس کا ساتھی کتّا "جبرا" پیٹ میں منہ ڈالے سردی سے کوں کوں کر رہا تھا - دونوں میں سے ایک کو بھی نیند نہ آتی تھی - ہلکو نے گھٹنوں کو گردن میں چمٹائے ہوئے کہا . "کیوں جبرا جاڑا لگتا ہے" کہا تو تھا - کہ گھر میں پیال پر لیٹ رہ - تو یہاں کیا لینے آیا تھا - اب کھا سردی میں کیا کروں جیسے کہ حلوا پوری کھانے جا رہا ہوں - دوڑتے ہوئے آگے آگے چلے آئے - اب روؤ اپنی نانی کو

(ii) اب لاجو سامنے کھڑی تھی - اور ایک خوف کے جذبے سے کانپ رہی تھی - وہی سندر لال کو جانتی تھی - اس کے سوائے کوئی نہ جانتا تھا - وہ پہلے ہی اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتا تھا - اور جب کہ وہ ایک غیر مرد کے ساتھ زندگی کے دن بتا کر آئی تھی - نہ جانے کیا کرے گا - سندر لال نے لاجو کی طرف دیکھا - وہ خالص اسلامی طرز کا لال ڈوپٹہ اوڑھے تھی - اور بائیں بکّل مارے

ہوئے تھی - عادتاً محض عادتاً دوسری عورتوں میں گھل مل جانے اور بالآخر اپنے صیاد کے دام سے بھاگ جانے کی آسانی تھی - اور وہ سندر لال کے بارے میں اتنا زیادہ سوچ رہی تھی - کہ اسے کپڑے بدلنے یا ڈوپٹہ ٹھیک سے اوڑھنے کا بھی خیال نہ رہا - وہ ہندو اور مسلمان کی تہذیب کے بنیادی فرق - دائیں بغل اور بائیں بغل میں امتیاز کرنے سے قاصر رہی تھی - اب وہ سندر لال کے سامنے کھڑی کانپ رہی تھی - کہ ایک امید اور ایک ڈر کے جذبے کے ساتھ -

(حصّہ ج)

نوٹ :- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ ۵۰۰ الفاظ میں تحریر کیجیئے - دیئے گئے ۴ سوالات میں سے ۲ سوالات کرنے ہیں ہر سوال کے لیئے ۲۰ نمبر مقرر ہیں - $2 \times 20 = 40$

۱۰- "باغ و بہار" کی مقبولیت اور اہمیت تحریر کیجیئے -

۱۱- "سیر پہلے درویش کا" خلاصہ لکھیئے -

12- نذیر احمد کی حالات زندگی اور نثری خدمات تحریر کیجیئے -

13- اردو زبان میں ترجمہ کی تعریف اور فن کا اظہار خیال کیجیئے -

---